لاہور میں آٹھ مساجد کی افتتاحی تقاریب

مؤسسہ الشیخ عید بن محمد آل ثانی الخیریۃ قطر کے تعاون اور ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب کی کوششوں سے رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے لاہور میں مختلف مقامات پر آٹھ مساجد تعمیر کروائیں۔ صرف ایک سال کی ریکارڈ مدت میں ان مساجد کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں جماعت کے ابھرتے ہوئے نوجوان خطیب مولانا محمد یونس آزاد ڈپٹی سیکرٹری جنرل مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کا بڑا حصہ ہے۔ وہ جامع مسجد ابوہریرۃ اہلحدیث واہوہریرۃ اکیڈمی داروغہ والا لاہور کے بانی خطیب ہیں۔ علامہ مدنی صاحب نے انہیں ان مساجد کی تعمیر کا ڈائریکٹر مقرر کیا۔ اس ذمہ داری کو انھوں نے بڑی محنت اور دیانت سے سرانجام دیا۔ مالیات کے شعبہ کی نگرانی ان کے دست راست اور بڑے نیک دل تاجر محمد یونس مغل نے سرانجام دیں۔ جزاھم اللہ خیرا

مورخہ 19 جولائی بروز جمعرات کو ان مساجد کی افتتاحی تقاریب منعقد ہوئیں۔ صبح 7 سے شام 7 بجے تک تقاریب کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ اس دوران مندرجہ ذیل مساجد کا افتتاح ہوا۔

۱۔ جامع مسجد ابوبکر اہلحدیث کرول وارا لاہور

۲۔ جامع مسجد عثمان اہلحدیث گلشن پارک مغلپورہ لاہور

۳۔ جامع مسجد امام بخاری اہلحدیث ہربنس پورہ لاہور

۴۔ جامع مسجد امام مسلم اہلحدیث بلال روڈ رشید پورہ لاہور

۵۔ جامع مسجد امیر حمزۃ اہلحدیث اعوان ٹاؤن لاہور

۶۔ جامع مسجد اقصیٰ اہلحدیث ہرپالے لاہور

۷۔ جامع مسجد فیصل اہلحدیث چوک تاجپورہ لاہور

۸۔ جامع مسجد تقویٰ اہلحدیث شریف پورہ لاہور

افتتاح کیلئے علامہ مدنی صاحب دیگر علمائے کرام کے ہمراہ جب متعلقہ علاقوں میں پہنچے تو اہل علاقہ نے بڑی گرمجوشی سے ان کا استقبال کیا۔ راستوں، بازاروں، چوکوں اور چوراہوں کو مرکزی جمعیت اہلحدیث اور قطر کے جھنڈوں سے سجایا گیا تھا۔ تمام مساجد میں علامہ مدنی صاحب اور دیگر علماء کرام نے مختصر خطاب بھی فرمایا، جس میں معاشرہ میں مساجد کی اہمیت اور اسکے کردار کو اجاگر کیا۔ مساجد کی تعمیر و ترقی اور اسکی بہبودی وآبادی میں حصہ لینے والوں کی قرآن وحدیث کی روشنی میں فضیلت بیان فرمائی اور کہا کہ مساجد کی خدمت اور صفائی ستھرائی انبیاء کرام کا پیشہ رہا ہے۔ لہذا آپ حضرات بھی اس کی تعمیر وترقی میں بھرپور حصہ لیں۔ یاد رہے کہ ان تمام مساجد کو بجلی، لاؤڈ سپیکر خوبصورت کارپٹ اور رنگ وروغن سے مزین ومکمل کر کے مقامی مرکزی جمعیت اہلحدیث کے سپرد کیا گیا ہے اب ان تمام مساجد کی نگرانی مولانا یونس آزاد کے ذمہ لگائی گئی ہے۔ وفد میں حافظ عبدالحمید عامر، حافظ احمد حقیق، مولانا قاری عبدالمتین اصغر خطیب چوک تاجپورہ، مولانا محمد ارشد خطیب نکم کوٹ، حافظ شفیق الرحمن، مولانا محمد مشتاق، حافظ محمد ابراہیم کے علاوہ دیگر علماء اور احباب جماعت موجود تھے۔

اس سے اگلے روز جامع مسجد عثمان اہلحدیث گلشن پارک فتح گڑھ روڈ مغلپورہ میں افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی نے ارشاد فرمایا۔ یاد رہے کہ مسجد عثمان ان تمام مساجد میں سب سے بڑی اور خوبصورت مسجد ہے۔ جسے افتتاحی تقریب کیلئے جھنڈوں اور بینروں سے سجایا گیا تھا۔ مسجد کے باہر مکتبات اور کیسٹوں والوں نے اپنی دکانیں سجا کر مزید رونق پیدا کر دی تھی۔ جمعہ میں لاہور بھر سے اعیان جماعت نے جوق در جوق شرکت کی۔ جس کی بنا پر مسجد میں تل دھرنے کی جگہ نہ رہی۔ مقامی جماعت نے جمعہ کے بعد مہمانوں کو ظہرانہ دیا۔